Our Vision

◆Issue: 5 ◆ Sep ◆Year 2017

To foster a stimulating learning environment which maximizes individual potential, caters academic, creative, personal, physical, moral and most importantly spiritual development & ensures that all students are nurtured to meet the challenges of world & hereafter.

# AKKAS عکّاس

بسمہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ

قَدْ قُتِلَ الْحُسَیْنُ بِکَرْبَلَاء

قَدْ ذُبِحَ الْحُسَیْنُ بِکَرْبَلَاء

محرم کا آغاز اگرچہ نئے اسلامی سال کا آغاز ہے لیکن ہم اپنے نئے سال کا آغاز سیاہ لباس پہن کر، فرش عزاء بچھا کر اور حسین حسینؑ کرکے کرتے ہیں۔ اس لئے کہ ہمیں معلوم ہے کہ حضرت زہراؑ کی خواہش ہے کہ ان کے مظلوم بیٹے کی شہادت کا پرسہ ان کو دیا جائے اور جب ہم فرش عزاء پر آقا حسینؑ کے غم میں آنسو بہاتے ہیں تو شہزادی ان آنسوؤں کو اپنے رومال میں لے لیتی ہیں، جب فرش عزاء پر عزادار شہزادی کے اجڑے گھر کا ماتم کرتے ہیں تو بی بی دعا دیتی ہیں کہ خدایا! یہ میرے لٹے گھر کا ماتم کر رہے ہیں تو ان کے گھروں کو آباد رکھنا۔

ایامِ عزاء میں جتنا ہو سکے عزاداری کے پروگرامز میں شرکت کریں اور اہل بیت اطہارؑ سے اپنی مودت کا اظہار کریں۔

خدا ہم سب کی اس عزاداری کو قبول فرمائے اور ہمیشہ مولا حسینؑ کے عزاداروں میں ہمارا نام شامل فرمائے۔ آمین۔

دوستو! ابھی اربعین امام حسینؑ یعنی آپ کے چہلم کے ایام نزدیک ہیں اور اس دن کی امام حسینؑ کی زیارت کرنا ہمارے گیارہویں امام حضرت امام حسن عسکریؑ کی حدیث کے مطابق مومن کی نشانیوں میں سے ایک ہے۔ جو کربلا جا کر امام کی زیارت کر سکیں تو کیا کہنا لیکن اگر کربلا جانا نہ ہو سکے تو بھی ضرور اپنے گھر سے ہی یا کسی عزاخانے جا کر امام مظلومؑ کی چہلم کی زیارت ضرور کرنی ہے۔

آپ لوگوں کے امتحانات بھی سر پر ہیں۔ اس کی تیاری بھی بہت اچھے سے کرنی ہے اور خوب دل لگا کر محنت سے پڑھنا ہے تاکہ آپ اچھے سے اچھا نتیجہ حاصل کر سکیں۔

کیا کہا؟

اس سے کیا ہوگا؟؟

ارے بھئی اس سے یہ ہوگا کہ آپ پڑھ لکھ کر ایک اچھے انسان بن سکیں گے، علم کے ذریعے انسانیت کی خدمت کر سکیں گے، اپنے والدین کے لئے ایک بہترین اولاد، بھائی بہنوں کے لئے ایک بہترین بھائی یا بہن، دوستوں کے لئے ایک بہترین دوست اور ملک وقوم کے لئے ایک بہترین فرد بن سکیں گے۔ اسی سے آپ دنیا و آخرت میں رب العزت اور محمد و آل محمد ﷺ کی بارگاہ میں سرخرو ہو سکیں گے اور جب امام زمانہؑ کا ظہور ہوگا تو ان کے بہترین سپاہیوں میں شامل ہو سکیں گے۔

اور ہاں اگلے عکاس کے آنے تک تو سالانہ فنکشن بھی ہو چکا ہوگا نا۔ تو بھئی اس کے لئے بھی جب ایام عزاء مکمل ہو جائیں تو بھرپور تیاری کیجئے گا تاکہ بہتر سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ ہو سکے۔

اور ان سب کے لئے یعنی چاہے عزاداری ہو یا امتحان اور پڑھائی یا سالانہ جشن سب کے لئے آپ کو اپنے دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ مل کر محنت کرنی ہے تاکہ ہمارے اسکول کا نام ہر جگہ روشن ہو اور ہم اپنے اسکول کو ایک مثالی اسکول بنا سکیں۔

اپنا بہت خیال رکھئے گا۔

آپ کا اپنا۔

ایڈیٹر



## THEMATIC PROJECT

The thematic project is a way of teaching and learning whereby many other areas of the curriculum are connected together and integrated within a theme....

(Cont...on Pg 8-9 )

## TEACHERS' TRAINING

Teachers should be in continuous contact with future teaching innovations to improve learning and to assure high-quality teaching. Teachers' professional training and professional development is a ....

(cont... on pg 1)






## PICNIC

Picnics are the best way to enjoy the simple pleasure of life and spend time with family and friends. GIFS' management has been arranging picnics for its students as well as staff from the day one....

(cont... on pg 1 )

# EVENTS / REPORTS

## Picnic
(continued from pg 1)

This year also it was arranged for boys and girls both at "Classic Farm House" at Super Highway in July. Our students were delighted and super excited to spend sometime with their school mates. After getting the bus loaded, we left school at 8:45 am and reached our destination before 10 am.
Children enjoyed swimming, playing cricket and rides. Delectable biryani was served at lunch. Students also prayed zohrain before lunch.
At 4 o'clock, we were ready to leave. Alhamdo Lillah, we reached back safely after an exciting picnic, which we are going to cherish in our memories for years.

## Teachers' Training Program
(continued from pg 1)

necessary ingredient to support innovative and beneficial teaching. Our school management also encourages our teachers to continue their education as well as make opportunities available for them to do so. Moreover, we have started teachers' training program in our school also from July 2017. In this, Agha Ghulam Raza Roohani, Trustee of GIFS, Ms Batool Rizvi, Vice Principal of GIFS and our senior teachers guided them in improving educational environment, lesson planning, enhancing creativity in students, teaching through different activities, usage of technology etc. The Vision of GIFS was also discussed by which teachers cleared their direction for a school.

## Hygiene Program

Green Island Foundation School is pleased to initiate another thought provoking program for its students. "Hygiene Program" was introduced on the august day of DahwalArz. In this integrated celebration, students were informed about the importance of self-hygiene and cleanliness of their surroundings. For this purpose, they were provided the hand towel to clean and organize their desks before off time. This program ensures to develop the habit of keeping the surrounding clean through healthy competitions between all classes. Let's stay healthy, happy and as it is said by Rasool-e-Khuda s.a.w.w. "Cleanliness is half faith".

## Summer Vacations

Summer vacations are the ideal days for fun-filled family activities, keeping this in view, GIFS designs recreational summer vacation homework. Students want their families to participate in these exciting activities. They not only facilitate the child's learning but also provide a sense of achievement via quality family time.
Few examples of such home work are:
ECD: Making of attractive folder
Primary: Aquarium making
Secondary: Telescope making etc.
Students' vibrant efforts were not only displayed on student boards or student corners but also acknowledged via distribution of certificates.
















## Parent Teacher Meeting

First PTM for all students session 2017-2018 was conducted on Saturday, 9th September, 2017 successfully in all three campuses for all the students from ECD I to Class X.
PTM is a regular practice at GIFS. It is conducted once in a term for all students & need based on individual basis.
Salient features of general PTM:

1) Every parent can meet one to one with every teacher of their child.
2) Teacher shares child's academics, behaviour & day to day performance on the basis of his/her observations & monthly assessments records.
3) Areas for improvements are specially shared to groom the child & score better in upcoming examination.
4) Specially designed & time to time updated Feed Back Forms are sent to Parents a day before PTM. Filled forms are collected on the day of PTM, read & scrutinized by exclusive team. Meetings & Decisions are also taken by the board on the basis of parents precious advices.

## دحوالارض

۲۵ ذیقعدہ اسلامی عقائد کے مطابق دحوالارض کے نام سے جانا جاتا ہے۔اس دن اللہ ربّ العزّت نے پانی پر فرشِ زمیں بچھایا طلبہ وطالبات کواس دن کی مناسبت سے معلومات فراہم کرنے کی خاطر بچوں سے چارٹ، کارڈ شیٹ پر مختلف تصاویر کے نمونے بنوائے گئے ۔ جنھیں اسمبلی کے دوران پیش کیا گیا اور چند طلبہ وطالبات نے تقریر کے ذریعے معلومات فراہم کیں۔فنِ مصّوری اور فنِ تقریر کے ذریعے معلومات کی فراہمی کا یہ طریقہ کار تمام بچوں کو بہت پسند آیا۔تمام بچے نہایت دلچسپی کے ساتھ یوم مبارک سے متعلق معلومات سے مستفید ہوئے۔

## Defence Day

Defence Day is celebrated on 6th September every year in Pakistan. It is celebrated in the memory of martyred people who gave sacrifices of their life for the defence of the country in the war of 1965.
Students of Green Island Foundation School also celebrated this day by performing tableaus, delivering speech and singing national songs. They recalled the sacrifices of our heroes and paid tribute to them.

# EVENTS / REPORTS

## ہدیہ تہنیت برائے معصومین علیہم السلام

۱۴۳۸ھ ہجری کا ماہ شعبان اپنی تمام تر رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ جلوہ افروز ہوا۔ یہ مہینہ خاندان اہلبیت علیہم السلام کے لئے مسرت وشادمانی کا پیغام لاتا ہے۔ گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول نے اس خوشی کو بھرپور طریقے سے منانے کے لئے اپنے تمام کیمپسز میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا۔ جن میں ولادت بی بی زینب سلام اللہ علیہا اور ولادت شہزادہ علی اکبر علیہ السلام کے موقع پر بوقت اسمبلی اساتذہ نے تقاریر کیں اور طلبہ وطالبات نے منقبت کا ہدیہ پیش کیا۔

ولادت باسعادت امام حسین علیہ السلام وحضرت عباس علمدار علیہ السلام اور امام زین العابدین علیہ السلام کے موقع پر جشن کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر طلبہ وطالبات کے درمیان قصیدہ خوانی کا مقابلہ ہوا اور طلبہ وطالبات سے سیرت معصومین علیہم السلام کے حوالے سے مختلف سوالات بھی پوچھے گئے۔ کامیاب طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ جشن کے اختتام پر نیاز کا اہتمام کیا گیا۔

## دسترخوان امام زمانہ عجل اللہ تعالی فرجہ شریف

حضرت امام مہدی آخرالزمان علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے موقع پر امسال بھی ۱۵ شعبان ۱۴۳۸ھ کو تینوں کیمپس میں جشن ولادت انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ اس موقع پر امام زمانہ علیہ السلام کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالی گئی۔ طلبہ وطالبات کی ذہنی وفکری تربیت اور صلاحیتوں کے فروغ کے لئے تقریری مقابلے، کوئز اور مقابلہ قصیدہ خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام طلبہ و طالبات نے نہایت جوش وخروش سے حصہ لیا۔ کامیاب طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ ولادت کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔ تقریب کا اختتام دسترخوان امام زمانہ علیہ السلام پر کیا گیا۔

## حضرت امام علی رضا علیہ السلام

گیارہ ذیقعدہ، امام ثامن حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا یوم ولادت ہے۔ اس پُرمسرت دن کی مناسبت سے اسکول کے گرلز کیمپس اور بوائز کیمپس میں شاندار محفل جشن کا اہتمام کیا گیا۔ اسکول کے بوائز کیمپس میں آغا سید موسیٰ رضا نقوی صاحب جبکہ گرلز کیمپس میں آغا غلام رضا روحانی صاحب نے اپنی شیریں زبان سے امام علیہ السلام کی زندگی پر گفتگو فرمائی۔ دونوں کیمپسز میں ذکر امام علیہ السلام کے بعد نذر کے تبرک کی تقسیم بھی عمل میں آئی۔









# EVENTS / REPORTS







## مجالسِ عزا

''ہر مصیبت پر صبر کرنا اور پوشیدہ رکھنا ثواب کا باعث ہے سوائے ہمارے غم میں آنسو بہانے کے کیونکہ ہمارے غم کا اظہار واعلان بہت اجر رکھتا ہے'' (امام صادق علیہ السلام ۔ بحارالانوار)

روز اوّل سے گرین آئی لینڈ اسکول کی یہ روایت رہی ہے کہ معصومین علیہم السلام کی شہادت پر مجالسِ عزا برپا کی جائیں۔ اسی روایت کو قائم رکھتے ہوئے امام محمد باقر علیہ السلام اور امام محمد تقی علیہ السلام کے یوم شہادت پر تینوں کیمپسز میں فرشِ عزا بچھایا گیا جس میں اسکول کے معزز اساتذہ نے دونوں معصومین علیہم السلام کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالی اور اس بات کی ترغیب دلائی کہ ہمیں دنیا وآخرت کی کامیابیاں سمیٹنی ہیں تو ان ہادیانِ دین کی پیروی کرنی ہوگی۔ بعد از مجلس طلبا وطالبات نے نوحہ خوانی اور سینہ زنی کی۔

مجالس کی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے شہادت حضرت مسلمؑ ابن عقیلؑ کی مناسبت سے ایک مجلس منعقد کی گئی جس میں ان کے بطورِ سفیر کوفہ جانے اور کوفہ والوں کی بے وفائی کے نتیجے میں ان کی شہادت کا تذکرہ کیا گیا۔

## عیدِ غدیر

عید غدیر کے مبارک موقع پر گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول میں شاندار پروگرام منعقد کیا گیا۔ 11 ستمبر 2017 بروز پیر کو ہونے والے اس پروگرام میں تمام جماعتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام کی شان میں منقبتیں پڑھیں۔ جس کے بعد حجت الاسلام مولانا غلام رضا روحانی صاحب کی جانب سے طلبا کو غدیر کے دن سے متعلق معلومات سے مستفید کیا گیا۔ تمام بچوں نے اسلامی معلومات پر مشتمل کوئز میں بھی حصہ لیا۔ اس کے علاوہ ننھے ذہنوں میں اخوت کا بیج بونے کی خاطر ون ڈش پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا۔ خوشی کے اس موقع پر طلبہ مختلف نوعیت کے کھیلوں سے بھی محظوظ ہوئے۔

# ECD Activities

## Yellow,Green & Blue Day

The ability to identify colors is considered a marker and milestone in a child's cognitive process. Early identification of colors helps to create the cognitive link between visual clues and words. Children of ECD I are exploring about colors. Yellow, Green & Blue color was being introduced through excited games and hands on activities. To further enhance their understanding, Yellow Day was celebrated on Monday, 22nd May. The Green Day was celebrated with the integration of DhawalArz on Friday, 18th August and the Blue Day was celebrated on Friday, 15th September with the integration of Eid e Mubahila i.e. 24th Zilhajah (the victory day of Punjetan). Children were dressed up in Yellow, Green and Blue attire on the respective days. Various hands on activities are done to enhance students learning like: Finger paint in corn, Sorting of different colored buttons, Pasting of yellow duck, Making of triangle with yellow drinking straws, Pasting of yellow triangles around the circle to make sun, Tasting of lemon, Peeling and eating of banana, ,Sorting of yellow object from the environment, Making and eating of yellow jelly, Planting activity, Collage work (pasting of rectangle) in turtle, Pasting of flowers on spring season (green) folder, Eating of green vegetables salad, Juice party, Magic painting with Blue colored water, Mixing of different colors with blue to make a new color, Making of blue whale with different shapes, Playing with fish puzzles, Making of little aquarium, Peacock making, Sorting of blue objects from water tub & Show and tell activity are the most enjoyable and full of excitement activities for children as well as teachers too.









# Independence Day

The students of all three campuses of Green Island Foundation School celebrated the 70th Independence Day of Pakistan with full enthusiasm. They ornated their classes with flags and balloons and paid their warm tribute to acknowledge all the efforts of remarkable leaders to make this dream come true. They presented national songs, speeches and tableaus on this auspicious occasion and profess to prosper their homeland through acquiring higher studies and by their hard work.










# Thematic Project







*Thematic Project*

This year the topic was based on "Connecting students to nature " in which each level of ECD choose a sub topic that implores them to get outdoors into nature to appreciate its beauty and its importance, to explore the world around them through nature walk, simple experiments like evaporation, life cycle of animal, water cycle etc. The project brought the classes to go through highly informative and entertaining activities about seasons, flowers, fruits, water, plants and animals and it was also linked by our motherland Pakistan, its beauty, crops, places and the personalities who put their untiring efforts to bless us with Pakistan.

"Take a quiet walk with nature; it will nurture your mind, body and soul".

The result of this nature project gives us a view that we ignore the beauty because we are too busy. The students more actively involved in their learning skills, developed more quickly and became more confident and motivated.







# Students' Corner

## Visit to a Library

*Moazzam Ali (VIII A)*

Despite living in Karachi, I had never visited an international library in my whole life. So, I was looking forward to the trip. For this trip, it was difficult to persuade my father, but as I got the summer vacations homework from school to visit to an International Library, my father had to take me to the renowned library of Karachi.
Before we entered the building, we saw a number of kids with their bags and notebooks chatting outside the compound giving the building a sense of habitation. As soon as we stepped in the main hall, we saw an information desk, obviously unoccupied. We waited a few minutes for someone for helping us, but no one was there to help. So, we started looking around ourselves.
Behind the information desk was another large hall filled with lots of desks and interestingly, entirely occupied with students.
We turned around and entered another room that contained around a dozen large standing desks, a few newspapers of the day and some people were reading them. Adjacent to this room, there was a wide corridor towards our right, after which a set of office's belongings to the administration staff. At the end when we found the librarian and asked about the books, he told that the books are locked in the upper two rooms. If you need a book write the name of book on a piece of paper. Librarian would bring the book for you.
I didn't enjoy the trip as the books were in prison. Nobody was allowed to reach there. Although it is a famous library but my experience of this visit was not good. I think that was the study hall not a library.

## Beautiful Scene of Sunrise

*Ahmed Hasan (VIII A)*

In Ramadan, after taking prebreakfast me, my father and my brother went for a walk. we started walking from home till Nishtar Park. I enjoyed my walk very much. When we started walking, there was no one on road. There was only the chirping sound of birds.
The cold wind was blowing and the trees trunks were shaking. After some time, the sky started to change its colour from dark. A big orange ball, which was actually the sun, came out, which was hidden. I enjoyed that scene and my walk after prebreakfast with the beautiful scene of sunrise.

## Beautiful Scene of Sunrise

*Marium Roohani (Class VI D)*

Once upon a time, some children were playing in a park. Ali was playing with them. His mother was sitting and watching the boys. Suddenly it started raining. The mother asked Ali to go home but he refused and answered, "I don't want to go home" as he was enjoying the weather with his friends. After hearing his reply, the mother shouted and said, "Ali don't you hear I'm asking you to come with me?" But he again replied, "Mom just few minutes more. Look all children are still playing, we'll leave after 15 minutes." Hearing this again his mother quietly sat on the bench. After some time Ali came to his mom and said, I'm feeling tired. Lets go home now." Mother also noticed that he was not feeling well. She immediately took him to the hospital where doctor examined him and said, "You are having high fever due to continuously playing in rain. Now take these medicines and have some rest." Ali has now realized why his mother was asking him to come home. He apologized to her and thought he would now listen to his mom.

## Beautiful Scene of Sunrise

A morning walk is the best exercise which is suitable for all of us. Morning is a time when every thing looks fresh and it is very enjoyable.
On 23rd of Ramadan, I went for a morning walk after sehri, birds were chirping and green crops were waving in the fresh air. The sun started rising which was looking beautiful. I saw the rising of the sun and the quick change of colour.
A morning walk has many advantages. It keeps us fresh all the day long. As health is wealth, doctors also recommend morning walk to their patients for gaining energy. We have to pay nothing for it. It is the lightest exercise and very useful for all of us.

*Rida Fatima (VIII C)*

## Memories of School

My school is like an old memory tome
I'm not sure, what I felt when I left it,
As I passed each class from ECD to Ten
I felt my mind change and extend,
I saw my routine changed each class I passed
It seemed as each session was harder than the last,
By the time I reached IX it seemed the frustration had won
But I didn't give up until the test was done,
I didn't understand at the time
But I will always have treasure in mind,
The time I spent in Green Island
I will remember when I raise my hand.

*Muhammad Ibad (IX A)*

## Beautiful Scene of Sunrise

A beautiful sunrise started with a dim light in a dark night, while standing in the balcony after sehri, What a view!
That day I was excited to see the sunrise so I finished my sehri and went straight to the balcony. I saw a white line appearing in the dark sky slowly and gradually it became wider with sun rising and sky turned blue. That view was so beautiful, I couldn't stopped my self from saying Masha Allah. It brought freshness and energy in the environment.
I can't forget that sunrise!

*Sahar Fatima (VIII C)*



# نونہال ادیب

## سچی دوستی

ندا فاطمہ (ہشتم ج)

ایک شہر میں چار دوست رہتے تھے۔علی، کاظم، شاکر اور حسن۔ وہ ایک ہی جماعت میں زیرِ تعلیم تھے انکی دوستی اتنی مضبوط تھی کہ وہ ایک دوسرے پر جان بھی قربان کر سکتے تھے۔ایک دفعہ شاکر بیمار ہوگیا اور ڈاکٹر کے مطابق اسکا علاج صرف آپریشن تھا۔جس کے اخراجات بہت زیادہ تھے اور شاکر کے والدین اتنے صاحب حیثیت نہ تھے کہ اسکا آپریشن کراتے۔شاکر کی حالت بہت ناساز ہوتی جا رہی تھی اسکے والدین اور دوست بہت پریشان تھے۔ان حالات میں ان دوستوں نے اپنے تمام رشتہ داروں، اساتذہ، دوست احباب اور ہم جماعتوں سے مدد کی درخواست کی اور شب و روز محنت سے جلد ہی آپریشن کی رقم کا بندوبست کر لیا۔یوں بروقت علاج ہونے سے شاکر کو دوبارہ زندگی نصیب ہوئی اور ان کی دوستی مزید گہری ہوگئی۔سچ ہے کہ دوست وہی ہوتا ہے جو مصیبت میں کام آئے۔

## اف! یہ گندگی

تعبیر فاطمہ (ششم د)

آج میری ملاقات اتفاق سے گندگی سے ہوگئی ہماری کیا بات چیت ہوئی آپ بھی پڑھئے۔

میں: آپ کون ہیں؟ کتنی بدبو آرہی ہے آپ کے پاس سے۔

گندگی: جی جی! میں ہوں گندگی۔آپ لوگوں کی وجہ سے ہی تو زندہ ہوں۔

میں: ارے ارے! ایسے کیسے بھئی۔ہم تمہیں کیوں زندہ رکھیں گے؟

گندگی: لو! تمہیں اتنا بھی نہیں پتا۔میں اس لئے مزے میں ہوں کیونکہ تم لوگ میری مدد کرتے ہو۔دانت صاف نہیں کرتے۔نہاتے نہیں ہو۔ہاتھ دھوئے بغیر کھانا کھاتے ہو۔تو مجھے تو پھر مزے ملیں گے نا۔

میں: ہمیں!!!!! اسکا تو کوئی حل نکالنا ہوگا۔

گندگی: کیا!! تم کیا کروگی؟

میں: اب میں سب سے پہلے خود صفائی کا خیال کروں گی۔اپنے گھر والوں اور دوستوں کے ساتھ مل کر پورے شہر میں صفائی کیلئے کام کروں گی اس طرح ہم سب مل کر تمہیں ختم کردیں گے۔

گندگی: نہیں نہیں تم ایسا نہیں کرسکتیں۔

میں: میں ایسا کرنے جا رہی ہوں اور آپ سب بچے بھی میرا ساتھ دیں گے۔دیں گے نا!

## دوستوں کا ساتھ

زینب (دہم ج)

وقت کے اندھیروں میں نجانے کہاں کھو جائیں گے ہم
خدا ہی جانے ایک دوسرے سے پھر کبھی مل پائیں گے ہم
خوشیاں دیکھیں، غم بھی دیکھے، روئے کبھی اور ہنسے بھی ہم
ان کھٹی میٹھی باتوں کو اب یادیں بنالیں گے ہم
ہم ساتھ رہیں یا نہ رہیں ہماری یادیں تو ساتھ ہوں گی
بس انہی یادوں کے سہارے بلندی پہ پہنچ جائیں گے ہم

## کربلا

میثم (ہشتم الف)

حسینؑ نے جو کرب و بلا میں کی تھی عبادت
مثال ایسی نہ ملے گی تا قیامت
دیکھی ہے دشمنوں نے اصغرؑ کی شجاعت
اور شاہ کے حضور میں عباسؑ کی اطاعت
اس شان سے چلے ہیں حبیبؑ ابن مظاہرؑ
دنیا نہ بھول پائے گی اب انکی رفاقت
زینبؑ نے سنبھالی ہے اب امانت امامؑ کی
بازار شام دیکھتا تھا انکی خطابت
بیٹی ہے یہ علیؑ کی ہو کیونکر نہ یہ شجاع
دربار کفر میں جو بپا کی تھی قیامت
مارے گئے اصحابؑ جو جنت کی راہ میں
دے دی حسینؑ نے انہیں اس طرح کی راحت

## میں کون ہوں!

محمد شہریار (سوم ب)

میں ایک دانت ہوں۔میں آپ کے منہ میں رہتا ہوں۔میرا رنگ سفید ہوتا ہے لیکن جب لوگ مجھے صاف نہیں کرتے اور روز برش نہیں کرتے تو میں پیلا اور گندا ہو جاتا ہوں۔زیادہ ٹافیاں اور چاکلیٹ کھانے سے مجھ میں کیڑا لگ جاتا ہے اور جب میں ٹوٹتا ہوں تب بہت درد ہوتا ہے اور خون بھی نکلتا ہے۔مجھے مضبوط کرنے کیلئے دودھ پینا ضروری ہے۔مجھے اللہ نے آپ کے لئے بنایا ہے اگر آپ میرا خیال رکھیں گے تو میں آپ کے بہت کام آؤں گا۔

# Field Trip
























# Student Art Corner


























# ICSF Football

An exhibition match in 8th Annual Intra Community Sports Festival (ICSF) 2017, was played between Hussaini Sports Club Juniors and Green Island Foundation School (GIFS) under the banner of Green Island Trust Juniors (G.I.T Juniors) on 26th July, 2017 at Nishter Park. GIT Juniors won the match by 1-0.

GIT Juniors' 16 players Squad was,

1. Zohair X (Captain)
2. Shayan IX (V.Captain)
3. Raza Abbas IX
4. M.Hadi IX (Goal Keeper)
5. Hur Abbas VII (Substitute Goalkeeper)
6. M.Raza VIII
7. Ali Asgher X
8. Murtaza VII
9. Mujtaba VIII
10. Muslim VIII
11. Ali Kazim VIII
12. Aqeel Abbas VII
13. John
14. M.Taqi X
15. Ali Jawad X
16. Hur Abbas VIII
17. M.Nazim VII
18. Hassan Raza VII




# ولایت شیلڈ

گرین آئی لینڈ فاؤندیشن اسکول کی جانب سے عید غدیر کی مناسبت سے ''ولایت شیلڈ'' پروگرام کا سلسلہ گزشتہ چار سالوں سے جاری ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی اسکول انتظامیہ کی جانب سے ۱۶ ستمبر ۲۰۱۷ بروز ہفتہ شیخ رحمت علی ہال میں اس پروگرام کا نعقاد کیا گیا۔ اس مقابلے میں بشمول گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول، دس اسکولوں نے حصہ لیا۔ مقابلے میں شرکت کرنے والے دیگر نو اسکولوں کے نام یہ ہیں: مدینتہ العلم، العلم، الہادی اکیڈمی، غلامان عباس، ولی العصر کامپری ہینسو، فاطمیہ بوائز، حسن اکیڈمی، میزان اکیڈمی اور بوتراب پبلک اسکول۔ سالانہ پروگرام میں شریک اسکولوں کی جانب سے جونیئر اور سینیئر گروپ پر مشتمل دو ٹیموں نے مقابلے میں حصہ لیا۔ جن میں سے سینیئر گروپ سے غلامان عباس جبکہ جونیئر گروپ سے ولی العصر کامپری ہینسو اسکول پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ امام وقتؑ کے توسط سے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول کو اس نوعیت کے پروگرام منعقد کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلباء اسلامی معلومات سے مستفید ہونے میں کامیاب ہوں۔

